© rasailojaraid.com



## قرأت کے عالمی مقابلے میں ایران اول، لیبیا دوسرے اور پاکستان تیسرے نمبر پر

نئی دہلی۔ ۳۱ اکتوبر ۸۳ء۔ قرأت کے دوسرے عالمی مقابلے میں ایران کے قاری محمد عباس نے پہلا مقام حاصل کیا۔ یہ مقابلہ آل انڈیا مجلس تبلیغ قرآن کی طرف سے منعقد کیا گیا تھا۔ اس میں متعدد ملکوں کے قاریوں نے حصہ لیا جن میں سعودی عرب، پاکستان، لیبیا اور انڈونیشیا شامل تھے۔

مسٹر عباس کو امام حرم جناب عبداللہ السبیل نے ایک قرآن کریم کا نسخہ اور ایک توصیفی سند عطا کی۔ لیبیا کے مسٹر سمیر احمد البدادی اور پاکستان کے مسٹر علی اکبر نعیمی نے بالترتیب دوسرا اور تیسرا مقام حاصل کیا۔ خاتون قاریوں میں بنگلہ دیش کی عائشہ نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ ہندوستان کے تینتیس قاریوں نے اس مقابلے میں شرکت کی۔

(قومی آواز دہلی، یکم نومبر ۸۳ء)

© rasailojaraid.com